لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳۰ شعبان ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۰ جون ۱۹۱۸ء	نمبر ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر سید فیض الحسن صاحب زیدی بعہدہ پرسنل اسسٹنٹ	۱
۲	رخصت مس ہوبرٹال لیڈی ڈاکٹر	۲
۳	تخفیف تنخواہ رفیع الدین خاں انسپکٹر	”
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ جون ۱۹۱۸ء

سید فیض الحسن زیدی کی خدمات ریاست نے پنجاب پولیس سے مستعار لی ہیں لہذا یکم جون ۱۹۱۸ء سے سید فیض الحسن کو صیغہ پولیس میں صاحب ریونیو سکرٹری صاحب کا پرسنل اسسٹنٹ مقرر کیا جاتا ہے ان کو دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ بیس روپیہ ماہوار ہارس الاونس اور دس روپیہ ماہوار بعوض کرایہ مکان جملہ دو سو تیس ماہوار ملیں گے۔ اور علاوہ اس کے پنشن کنٹریبیوشن بھی سرکار سے

دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط میر منشی صاحب اجلاس ہمایوں

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
رخصت

۳۰ مئی ۱۹۱۸ء

حسب تحریر اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت عاقی پندرہ ۱۵ یوم من ابتدائے ۲۵ مئی ۱۹۱۸ء مدن موہن لال نیٹو ڈاکٹر شفاخانہ کیمری کی منظور ہوئی۔ ایام رخصت میں

کار متعلقہ رخصتی کیپو ندر کرے گا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
تخفیف تنخواہ

۲ جون ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بعد منظوری اجلاس ہمایوں حضور معلیٰ دام اقبالہم و ملکہم رفیع الدین خاں سب انسپکٹر کی تنخواہ موجودہ ساٹھ روپیہ ماہوار کی بجائے بوجہ کبر سنی و علالت وغیرہ تیس روپیہ ماہوار منظور کیے گئے۔ تیس روپیہ بجٹ میں رہیں گے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲ جون لغایت ۹ جون ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ مار	[illegible]	[illegible]	۸۰ مار		حضور تحصیل تحصیل ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص		۹ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۹ مار		
نخود کسہ آمیز		۱۰ مار	۱۲ مار	۱۱ مار	۱۱ مار		
کسہ		۰	[illegible]	۱۲ مار	۱۱۰ مار		
ماش		۷۰ مار	۷۰ مار	۰	۷ مار		
مونگ		۷۰ مار	۷۰ مار	۰	۷ مار		
مکا		۰	۱۰ مار	۱۳ مار	۱۳ مار		
جئی		۰	۱۰ مار	۱۳ مار	۱۱ مار		
کوجئی		۰	۱۲ مار	۱۱ مار	[illegible]		
عدس		۹ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	[illegible]		
ارہر		۱۱ مار	۱۳ مار	۱۳ مار	۱۳ مار		
برنج		۶ مار	انجنہ ۶ مار، بیگمی ۶ مار	۶ مار	۵ مار		
روغن زرد		۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار		
روغن سیاہ		۱۰ مار	[illegible]	۱۰ مار	۲ مار		
روغن کنجد		[illegible]	[illegible]	۱ مار	۱ مار		
نمک سانبھر		۱۰ مار	۱۰ مار	۸ مار	۱۱ مار		
نمک لاہوری		۶ مار	۶ مار	۶ مار	۸ مار		
قند سیاہ		۷ مار	۸	۸ مار	۸ مار		
باجرہ		×	×	×	۱۰ مار		